احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ 30 جنوری 2009ء

روزنامہ
FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 30 جنوری 2009ء 3 صفر 1430 ہجری 30 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 24

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

چونکہ شجرۂ فطرت انسانی اصل میں توسط اور اعتدال پر واقعہ ہے اور ہر ایک افراط و تفریط سے جو قویٰ حیوانیہ میں پایا جاتا ہے منزہ ہے جس کی طرف اللہ تعالیٰ نے اشارہ فرمایا ہے۔ لقد خلقنا الانسان.........(الجزو نمبر:30) اس لئے خلق کے لفظ سے جو کسی مذمت کی قید کے بغیر بولا جائے ہمیشہ اخلاق فاضلہ مراد ہوتے ہیں اور وہ اخلاق فاضلہ جو حقیقت انسانیہ ہے۔ تمام وہ خواص اندرونی ہیں جو نفس ناطقہ انسان میں پائے جاتے ہیں (جیسے عقلؔ ذکا۔ سرعتؔ فہم۔ صفائیؔ ذہن۔ حسنؔ تحفظ۔ حسنؔ تذکر۔ عفتؔ۔ حیاؔ۔ صبرؔ۔ قناعتؔ۔ زہدؔ۔ تورعؔ۔ جوانمردیؔ۔ استقلالؔ۔ عدلؔ۔ امانتؔ۔ صدقؔ لہجہ۔ سخاوتؔ فی محلّہ۔ ایثار فی محلّہ۔ کرم فی محلّہ۔ مروّت فی محلّہ۔ شجاعتؔ فی محلّہ۔ علوہمت فی محلّہ۔ حلم فی محلّہ۔ تحمل فی محلّہ۔ حمیّت فی محلّہ۔ تواضعؔ فی محلّہ۔ ادبؔ فی محلّہ۔ شفقت فی محلّہ۔ رافتؔ فی محلّہ۔ رحمتؔ فی محلّہ۔ خوفؔ الٰہی۔ محبتؔ الٰہیہ۔ انسؔ باللہ۔ انقطاعؔ الی اللہ وغیرہ وغیرہ۔) اور تیل ایسا صاف اور لطیف کہ بن آگ ہی روشن ہونے پر آمادہ (یعنے عقل اور جمیع اخلاق فاضلہ اس نبی معصوم کے ایسے کمال موزونیت و لطافت و نورانیت پر واقعہ کہ الہامؔ سے پہلے ہی خود بخود روشن ہونے پر مستعد تھے) نور علیٰ نور۔ نور فائض ہوا نور پر (یعنے جب کہ وجود مبارک حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم میں کئی نور جمع تھے۔ سو ان نوروں پر ایک اور نور آسمانی جو وحی الٰہی ہے۔ وارد ہو گیا۔ اور اس نور کے وارد ہونے سے وجود باجود خاتم الانبیاء کا مجمع الانوار بن گیا۔ پس اس میں یہ اشارہ فرمایا کہ نورِ وحی کے نازل ہونے کا یہی فلسفہ ہے کہ وہ نور پر ہی وارد ہوتا ہے۔ تاریکی پر وارد نہیں ہوتا۔ کیونکہ فیضان کے لئے مناسب شرط ہے اور تاریکی کو نور سے کچھ مناسبت نہیں۔ بلکہ نور کو نور سے مناسبت ہے اور حکیم مطلق بغیر رعایت مناسبت کوئی کام نہیں کرتا۔ ایسا ہی فیضانِ نور میں بھی اس کا یہی قانون ہے کہ جس کے پاس کچھ نور ہے۔ اسی کو اور نور بھی دیا جاتا ہے اور جس کے پاس کچھ نہیں اس کو کچھ نہیں دیا جاتا۔ جو شخص آنکھوں کا نور رکھتا ہے وہی آفتاب کا نور پاتا ہے......انبیاء منجملہ سلسلہ متفاوتہ فطرت انسانی کے وہ افراد عالیہ ہیں جن کو اس کثرت اور کمال سے نور باطنی عطا ہوا ہے کہ گویا وہ نور مجسم ہو گئے ہیں۔ اسی جہت سے قرآن شریف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نور اور سراج منیر رکھا ہے۔

(براہین احمدیہ چہار حصص، روحانی خزائن جلد1 ص 194)

آسمان نبوت کے سورج

ایک ہندو بشن داس رسول اللہ ﷺ کی تعریف یوں بیان کرتے ہیں۔ حضرت ﷺ ولیوں کے ولی، پیروں کے پیر۔ آسمان نبوت کے سورج، ہادیان مذاہب کے سرتاج اور رہنمایان دین کے رہبر تھے......دینی بزرگی اور دنیوی عظمت ان کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑی ہیں۔ اگر کسی کے نام پر کروڑہا انسان سر کٹوانا سعادت دارین خیال کرتے ہیں تو وہ حضرت محمد صاحب ﷺ ہیں۔ اگر دن میں پانچ دفعہ نہایت ارادت اور صدق کے ساتھ کسی کے نام کا ورد ہوتا ہے تو وہ بھی رسول مقبول ﷺ ہیں۔ اگر کرہ ارض کی لکھوکھہا مسجدوں کے مؤذنوں سے کسی کے نام کی اذان دی جاتی ہے تو وہ یہی خاتم المرسلین ﷺ ہیں۔

(اخبار زمیندار۔بحوالہ: برگزیدہ رسول غیروں میں مقبول صفحہ 27)

فروغ علم ہماری قومی ذمہ داری

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ عید الفطر فرمودہ 13 / اکتوبر 2007ء میں فرمایا کہ:۔ اگر طلباء اور ان کے والدین بچوں کے امتحان میں پاس ہونے پر کچھ شکرانے کے طور پر اس مد (طلباء کی امداد) میں دیں تو کئی غریب ضرورت مندوں کا بھلا ہو سکتا ہے...... یہ احساس بچوں کے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ غریبوں کی ضرورتیں پوری کریں۔

(خلفاء احمدیت کی تحریکات صفحہ 517)

احمدی طلباء کی امداد کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں شعبہ ''امداد طلبہ'' قائم ہے اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء کی ٹیوشن فیس' یونیفارم' درسی کتب' کاپیاں کمپیوٹر فیس اور مقابلہ جات کی اشاعت میں حسب گنجائش مالی معاونت کی جاتی ہے۔ پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات کی شرح اس طرح سے ہے۔

حکومتی ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری:۔ 15 صد تا 2 ہزار روپے

کالج لیول:۔ تین ہزار تا 7 ہزار روپے

ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔

30 ہزار تا 50 ہزار روپے

پرائیویٹ ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری: 6 ہزار تا 8 ہزار روپے

کالج لیول: 12 ہزار تا 20 ہزار روپے

ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔

1 لاکھ تا 3 لاکھ روپے

شعبہ امداد طلبہ کی مساعی

1۔ گزشتہ پانچ سالوں میں 3 ہزار 134 ذہین طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کی توفیق ملی۔ 2۔ داخلہ جات کی تعداد جو یکمشت ادا کی جاتی رہی ہیں وہ 656 سالانہ ہے۔ 3۔ یونیفارم' کتب اور بیگ وغیرہ جو لے کر دیئے گئے' ان کی تعداد 825 سالانہ ہے۔

آپ اس کار خیر میں حصہ لینے کیلئے اپنے عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوا سکتے ہیں۔

فون: 047-6212473

Cell:0332-7079462,0321-7707403

Email:ntaleem@gmail.com

(نظارت تعلیم)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 518)

ایک صدی پیشتر لاہور میں دعوت وارشاد کی تاریخی محفل

حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانی نے حضرت مسیح موعود کے آخری سفر لاہور کے حقیقت افروز حالات سپرد قلم فرمائے جو اخبار ''الحکم'' قادیان کے بعد اب سیرت المہدی کے آخری صفحات میں درج کئے گئے ہیں۔ آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

شاہزادہ محمد ابراہیم صاحب جو کابل کے شاہی خاندان کے ممبر اور رؤساء عظام میں سے تھے ان کو حضرت سے عقیدت و نیازمندی اور محبت تھی، حضرت کی ملاقات کو تشریف لائے۔ 2 مئی کا دن تھا حضرت نے اس صحبت میں ایک معرکۃ الآرا تقریر فرمائی اور کھول کر............. فرمائی۔ اتنا اثر اور اتنا جذب تھا کہ حاضرین ہمہ تن گوش بن کر بے حس وحرکت بیٹھے سنتے اور زار وقطار روتے رہے۔ اسی تقریر کے نتیجہ میں شاہزادہ صاحب نے ہمارے ارباب حل وعقد کو تحریک کی کہ حضور کی ایک تقریر خاص اہتمام وانتظام سے کرائی جائے جس میں لاہور اور مضافات کے اکابرو شرفاء کو شمولیت کی دعوت دی جاوے۔

احباب کئی دن کی سوچ بچار اور مشورہ کے بعد اس فیصلہ پر پہنچے کہ ان لوگوں کو ان کی شان کے مناسب حال ایک دعوت میں جمع کیا جائے کیونکہ اس کے بغیر ان کا جمع ہونا بھی محال تھا۔ چنانچہ ایک فہرست مرتب کر کے دعوت نامے بھیجے گئے اور دعوت کے انتظامات مکمل ہو چکے تھے کہ اچانک سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود پر مقررہ دن سے ایک روز پہلے وہی اسہال کی بیماری کا حملہ ہو گیا جس سے حضور بہت کمزور ہو گئے۔

دن چڑھا منتظمین نے دعوت کے انتظامات شروع کئے اور ہوتے ہوتے معزز مہمان اور شرفاء کی سواریاں آنے لگیں۔ مگر حضرت کی طبیعت بدستور نڈھال وکمزور تھی اور ضعف ونقاہت کا یہ حال تھا کہ اس کی موجودگی میں حضور کو تقریر کر سکنے کی قطعاً کوئی امید نہ تھی اور اسی خیال سے حضور نے حضرت مولانا مولوی نورالدین کو حکم بھیجا کہ آپ ہی آنے والے مہمانوں کی روحانی دعوت کا کچھ سامان کریں۔ چنانچہ وقت پر حضرت مولوی صاحب نے تقریر شروع فرما دی مگر تھوڑی ہی دیر بعد وہ ماہ منور اور خورشید انور بنفس نفیس ہم پر طلوع فرما ہوا۔ حضرت مولوی صاحب نے تقریر بند کی اور حضور پُر نور نے کھڑے ہو کر حاضرین کو خطاب فرماتے ہوئے کم وبیش تین گھنٹہ تک ایسی پُر زور، پُر معارف اور علم ومعرفت سے لبریز تقریر فرمائی کہ اپنے تو درکنار، غیر بھی عش عش کر اٹھے اور ایسے ہمہ تن گوش ہو کر سنتے رہے کہ گویا مسحور تھے اور اس روحانی مائدہ کی ایسی لذت ان کو محسوس ہوئی کہ جس نے جسمانی غذا سے بھی ان کو مستغنی کر رکھا تھا۔

جلسہ اعظم مذاہب 1896ء میں بھی میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے حاضر وموجود تھا۔ وہ نظارہ جو حضرت کی تحریر کے پڑھے جانے کے وقت آنکھوں نے دیکھا۔ لاریب کم ہی پہلے کبھی دنیا نے دیکھا ہو گا۔ مگر اس جلسہ میں ہماری آنکھوں نے خدا کی جس قدرت اور عظمت وسطوت کا مشاہدہ کیا وہ بلحاظ اپنی کیفیت وکمیت کے جلسہ مہوتسو سے بھی کہیں بڑھی ہوئی تھی۔ اس میں اور اس میں زمین وآسمان کا فرق تھا کیونکہ **یہاں خدا کا برگزیدہ............ خود اپنے خدا کی معیت میں کھڑا بول رہا تھا۔**

جلسہ اعظم مذاہب میں مضامین علمی تھے مگر یہاں ایسے اختلافی کہ سامعین کا ان کو سن لینا بجائے خود ایک معجزہ سے کم نہ تھا۔ حضور کی تقریر میں ایسی روانی تھی کہ نوٹ کرنا مشکل ہو رہا تھا اور بیان میں اتنی قوت و شوکت تھی کہ بھرے مجمع میں کسی کے سانس کی حرکت بھی محسوس نہ ہوتی تھی اور حضور اس جوش سے تقریر فرما رہے تھے کہ زور تقریر کے ساتھ ساتھ حضور پُر نور خود سامعین کی طرف بڑھے چلے جا رہے تھے۔ میں نے اپنی آنکھوں دیکھا اور اس بات کو اچھی طرح نوٹ کیا کہ حضور میز سے کئی مرتبہ چند قدم آگے بڑھ جاتے رہے تھے۔ حضور میز کو آگے لے کر نہ کھڑے تھے بلکہ میز حضور کی پشت پر تھی۔

حضور کی یہ تقریر ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب کے مکان کے صحن میں زیادہ سے زیادہ حضور کے وصال سے ایک عشرہ پہلے ہوئی تھی۔''

(سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 390 تا 399)

☆......☆......☆

مکرم حکیم محمد جمیل صاحب امیر ضلع

ضلع بدین کے خلافت جوبلی پروگرام

بدین شہر

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ بیت الذکر کو جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا۔ نماز فجر کے بعد مکرم یونس علی آصف صاحب مربی ضلع نے برکات خلافت کے موضوع پر درس دیا۔ اجتماعی دعا کروائی گئی اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ انفرادی صدقات کے علاوہ اجتماعی قربانی بھی دی گئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب کیلئے بیت الذکر میں انتظام کیا گیا تھا۔ 120۔افراد نے شرکت کی۔ لجنہ وناصرات کے لئے تین سنٹرز بنائے گئے۔ ایک نمائش کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔

موئن جانڈیو

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد برکات خلافت کے موضوع پر درس دیا گیا۔ اجتماعی دعا ہوئی اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب کے سننے کے لئے انتظامات کئے گئے تھے۔ سب نے خطاب سنا اور دعا میں شرکت کی۔

کھوسکی

مورخہ 27 مئی کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد مکرم خالد احمد بھٹی صاحب معلم وقف جدید نے برکات خلافت کے موضوع پر درس دیا اجتماعی دعا کروائی گئی اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ انفرادی صدقات کے علاوہ 2 بکروں کی قربانی دی گئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب سننے کے لئے سینٹرز بنائے گئے۔ 104/افراد نے خطاب سنا اور دعا میں شرکت کی۔ تمام احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

گولارچی

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد مکرم شاہنواز صاحب معلم وقف جدید نے برکات خلافت کے موضوع پر درس دیا۔ اجتماعی دعا کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ انفرادی صدقات کے علاوہ 3 بکروں کی قربانی دی گئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سننے کے لئے ایم ٹی اے سینٹرز بنائے گئے۔ بیت الذکر کو جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا۔ 311/افراد نے خطاب سنا عہد کیا اور دعا میں شرکت کی۔ تمام احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ نمائش کا بھی انتظام کیا گیا۔

صابن دستی

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد مکرم عتیق احمد صاحب قائد ضلع بدین نے برکات خلافت کے موضوع پر درس دیا۔ اجتماعی دعا کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ انفرادی صدقات کے علاوہ اجتماعی قربانی بھی دی گئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب سننے کے لئے انتظام تھا۔ 36/افراد نے خطاب سنا، عہد کیا اور دعا میں شرکت کی۔ سب احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

خدا آباد

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد مکرم عرفان احمد صاحب معلم وقف جدید نے برکات خلافت کے موضوع پر درس دیا۔ اجتماعی دعا کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ انفرادی صدقات کے علاوہ اجتماعی قربانی بھی دی گئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سننے کے لئے تین سینٹرز بنائے گئے۔ 280/افراد نے خطاب سنا۔ عہد کیا اور دعا میں شرکت کی۔ تمام افراد کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ بیت الذکر کو جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا تھا۔

کوٹ احمدیاں

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد مکرم طارق اسلام صاحب معلم وقف جدید نے برخلافت کے موضوع پر درس دیا۔ اجتماعی دعا کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ قربانیاں دی گئیں۔ احمدی گھرانوں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب کو سننے کے لئے 4 سینٹرز بنائے گئے۔ 106/افراد نے شرکت کی۔

ٹنڈو غلام علی

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد خاکسار نے برکات خلافت پر درس دیا اجتماعی دعا کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ انفرادی صدقات اور اجتماعی قربانی دی گئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سننے کے لئے انتظام تھا۔ بیت الذکر کو جھنڈیوں سے سجایا گیا۔ 21/افراد نے پروگرام میں شرکت کی۔ احمدی گھرانوں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

چک 5 احمد آباد

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد معلم ہاؤس میں ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد برکات خلافت کے موضوع پر درس دیا گیا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سننے کے لئے 3 سینٹرز کا انتظام کیا گیا۔ 45/افراد نے خطاب سنا اور دعا میں شرکت کی۔

ٹنڈو باگو

مورخہ 27 مئی 2008ء کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد مکرم عامر احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ ٹنڈو باگو نے برکات خلافت کے موضوع پر درس دیا۔ اجتماعی دعا کے بعد مٹھائی تقسیم کیا گیا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سننے کے لئے 3 سینٹرز بنائے گئے۔ 25/افراد نے خطاب سنا اور دعا میں شرکت کی۔ تمام احمدی گھرانوں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم تقی احمد صاحب

حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کی کھیلوں میں دلچسپی

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

یعنی یقیناً اللہ نے اس شخص کو تم پر فضیلت دی اور (جس کی وجہ یہ ہے کہ) اسے علم میں بھی بڑھایا ہے نیز وہ جسمانی لحاظ سے بہتر ہے اور اللہ جسے چاہے اپنی بادشاہت عطا کر دیتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بہت دینے والا اور بہت جاننے والا ہے۔ (البقرہ: 248)

ایک موقع پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

یعنی طاقت ور مومن کمزور مومن سے بہتر ہے

یہ حدیث ہمیں بتلاتی ہے کہ صحت مند انسان ہر وہ کام بہتر انداز میں کرسکتا ہے۔ جو کمزور آدمی کرنے سے گھبراتا ہے۔ مثلاً صحت مند مومن نماز، روزہ اور دیگر عبادات سنوار کر ادا کرسکتا ہے۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:

"انسانی روح اور جسم کا ایسا جوڑ ہے کہ ایک خرابی دوسرے پر اثر ڈالے بغیر نہیں رہ سکتی۔ رسول ﷺ نے اس امر میں بھی ہمارے لیے ایک عمدہ مثال قائم کی ہے اور نیکی اور تقویٰ صحت کی درستی اور ورزش کا خیال رکھنے کے خلاف قرار نہیں دیا۔ تاریخ بتاتی ہے کہ آپ اکثر شہر سے باغات میں جا بیٹھتے تھے۔ گھوڑے کی سواری کرتے تھے اپنے صحابہؓ کو کھیلوں میں مشغول دیکھ کر بجائے ان سے ناراضگی کا اظہار کرنے کے ان کی ہمت بڑھاتے تھے۔ مرد تو مرد آپ عورتوں کو بھی ورزش کی تلقین فرماتے۔ چنانچہ کئی مرتبہ آپ اپنی بیویوں کے ساتھ مقابلہ پر دوڑتے اور اس طرح عملاً عورتوں اور مردوں کو ورزش کی تحریک فرمائی۔ ہاں آپ ﷺ اس امر کا خیال ضرور رکھتے تھے کہ انسان کھیل ہی کی طرف راغب نہ ہو جائے اور اس امر کی تعلیم دیتے تھے کہ ورزش، مقصد کے حصول کا ایک ذریعہ ہونا چاہئے۔ نہ کہ خود مقصد۔"

(لباس التقویٰ ص 113 تا 114)

حضرت مسیح موعود

حضرت مسیح موعود بچپن سے ہی خلوت پسند طبیعت رکھتے تھے اور دوسرے بچوں کے ساتھ مل کر زیادہ کھیلنے کودنے کی عادت نہیں تھی۔ تاہم اعتدال کے ساتھ اور مناسب حد تک آپ ورزش اور تفریح میں حصہ لیتے تھے۔ چنانچہ روایات سے پتا چلتا ہے کہ آپ نے بچپن میں تیرنا سیکھا اور کبھی قادیان کے کچے تالابوں میں تیراکی کیا کرتے تھے۔ اسی طرح آپ نے اوائل عمر میں گھوڑے کی سواری بھی سیکھی تھی۔ اور اس فن میں اچھے ماہر تھے۔ کبھی کبھی غلیل سے شکار بھی کھیلا کرتے تھے۔ مگر آپ کی زیادہ ورزش پیدل چلنا تھی۔ جو آخری عمر تک قائم رہی۔ آپ کئی کئی میل تک سیر کے لئے جایا کرتے تھے اور خوب تیز چلتے تھے۔ صحت کے خیال سے کبھی کبھی موگریوں کی ورزش بھی کیا کرتے تھے۔

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی کی روایت ہے کہ میں نے ایک دفعہ آپ کو آخری عمر میں بھی موگریاں پھیرتے ہوئے دیکھا ہے۔ مگر یہ ساری باتیں صرف صحت اور تندرستی کی غرض سے تھیں۔ (سلسلہ احمدیہ ص 10)

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے جس کھیل میں دلچسپی لی اس میں اعلیٰ مہارت حاصل کی۔ آپ کو تیراکی میں بہت زیادہ دلچسپی تھی اور آپ چوٹی کے تیراک تھے۔ آپ خود بیان کرتے ہیں:

"میں نے کبھی کوئی کھیل نہیں کھیلا۔ میں نے صرف ایک ہی کھیل کھیلا ہے۔ اور وہ تیرنا ہے۔ مجھ کو تیرنا خوب آتا ہے۔ بعض اوقات میں بڑے بڑے عظیم الشان دریاؤں میں بھی تیرتا تھا۔"

(مرقات الیقین فی حیات نورالدین ص نمبر 203)

پھر فرماتے ہیں:

"میں جوانی کے عالم میں جبکہ جہلم کا دریا جو چڑھا ہوا تھا تیر کر پار چلا جایا کرتا تھا"۔

(مرقات الیقین فی حیات نورالدین ص نمبر 212)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

کھیلوں میں آپ کی دلچسپی کا عمومی تعارف تو یہ ہے کہ کبھی آپ نے کسی ایک کھیل کو اس طرح منفرد نہیں اپنایا کہ وہ مستقلاً آپ کی عادت بن جائے اور آپ کی دیگر دلچسپیوں پر حاوی ہو جائے۔ بدلتے ہوئے موسموں کے مطابق بدلتی کھیلیں آپ کی دلچسپیوں کا مرکز بنتی رہیں۔ قادیان ایک ایسے علاقہ میں واقع ہے جو دامن کوہ کے قریب ہونے کے باعث سرسبز وشاداب ہے اور سردی وگرمی دونوں ہی شدید ہوتے ہیں۔ برسات بھی خوب کھل کر ہوتی ہے۔ اور بسا اوقات ہفتہ ہفتہ دس دس دن تک مسلسل جھڑی لگی رہتی ہے۔ اس علاقے میں پنجاب کی ٹھیٹھ مقامی کھیلیں بڑی مرغوب ہیں مثلاً گلی ڈنڈا، کبڈی، میرو ڈبہ وغیرہ اور باہر سے آئی کھیلیں مثلاً فٹبال، ہاکی، کرکٹ، بیڈمنٹن بھی وہاں شوق سے کھیلی جاتی ہیں بچپن کے ابتدائی دور میں آپ غلیل لے کر بچوں کے جھرمٹ میں شکار کیلئے نکل کھڑے ہوتے بعد ازاں جب ہوائی بندوق میسر آئی تو ہوائی بندوق لے کر دوستوں کو ساتھ لئے ہوئے قادیان کے اردگرد کے دیہات میں شکار کے لئے نکل جاتے۔"

(سوانح فضل عمر جلد نمبر 1 ص نمبر 126، 127)

مرزا احمد بیگ صاحب بیان کرتے ہیں کہ

"خلافت سے پہلے حضور حضرت استاذی المکرّم مولوی شیر علی صاحب کے ساتھ ضیاء الاسلام پریس کے عقب میں بیڈمنٹن کھیلا کرتے تھے ایک دفعہ میں بھی اس کھیل میں شامل ہوا تھا۔"

(سوانح فضل عمر جلد نمبر 1 ص نمبر 134)

"آپ کو کشتی رانی کا بھی شوق تھا اور تیراک بھی اچھے تھے۔ یہ مشقیں زیادہ تر قادیان کے چاروں طرف پھیلے ہوئے ان خندق نما جوہڑوں میں ہوا کرتی تھیں جو ڈھاب کے نام سے معروف تھے۔ اور جن میں پانی تو سال بھر خشک نہ ہوتا تھا۔ لیکن نہانے کے قابل صرف برسات کے دنوں میں ہوا کرتے۔ غرض یہ کہ ان سب کھیلوں میں حصہ لیتے رہے جو قادیان میں رائج تھیں۔"

(سوانح فضل عمر جلد 1 صفحہ 134)

حضرت حکیم دین محمد صاحب بیان فرماتے ہیں:

"ایئر گن کا نشانہ آپ کا بڑا ہی صحیح تھا۔ چنانچہ اس حد تک تھا کہ زنبور جو آم پر بیٹھے ہوتے تھے۔ آپ ایک ایک کو نشانہ بنا کر گرا دیتے تھے۔ اکثر چھوٹی چڑیوں اور فاختہ کا شکار کرتے۔ ہم آپ کے ساتھ ہوتے اور ذبح کرتے جاتے۔ بڑے ہو کر آپ کے پاس بندوقیں تھیں اور سب احباب کو معلوم ہے پھیرو چیچی میں جا کر دریائے بیاس پر مرغابی کا شکار کیا کرتے۔"

(سوانح فضل عمر جلد 1 ص نمبر 129)

آپ کے بچپن کے دوست مرزا احمد بیگ صاحب بیان کرتے ہیں:

"بڑے ہو کر حضور فٹ بال بھی شوق سے کھیلتے تھے اور میرو ڈبہ خاص شوق سے کھیلتے تھے۔ مجھے بھی حضور کے ساتھ میرو ڈبہ اور فٹ بال کھیلنے کا اکثر اتفاق ہوا ہے۔ ویسے حضور ابتداءً جسمانی طور پر کمزور تھے۔ اس کے متعلق روایت ہے کہ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود کی مجلس میں بھی حضور کی صحت کی اس حالت کا ذکر آیا تھا۔ اور غالباً حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے کاڈ لیور آئل Cod -liver oil تجویز کیا تھا۔ حضور کچھ عرصہ پہلوانی یعنی کشتی کا کرتب بھی سیکھتے رہے ہیں۔ یہ کرتب آپ ایک نوجوان جس کا نام محمد حسین تھا لیکن بچے اس کو بابا فضل حسین کر کے پکارتے تھے سے سیکھا کرتے۔

(سوانح فضل عمر جلد نمبر 1 ص 134)

حضرت صاحبزادہ صاحب ان میں سے کسی ایک کھیل کے ایسے شوقین نہیں ہوئے کہ اس میں غیر معمولی مہارت پیدا کرنے کیلئے اسے مستقلاً اپنا لیا ہو۔ طبیعت میں تجسس کا مادہ بہت تھا اور نئی چیز دیکھنے پر اس کا ذاتی تجربہ حاصل کرنے کا شوق مچلنے لگتا۔ چنانچہ ایسے دنوں میں جبکہ موسم اور طبیعت کو فٹ بال سے زیادہ مناسبت ہو، آپ فٹ بال کھیلا کرتے تھے۔ جب کبڈی کا دور دورہ ہوتا، آپ کبڈی کے میدان میں نکل جاتے۔ جب بچوں میں میرو ڈبہ یا گلی ڈنڈا کی رو چلتی تو آپ میرو ڈبہ یا گلی ڈنڈا کی ٹیموں میں دکھائی دینے لگتے۔ جب برسات کی جھڑیاں قادیان کے گرد پھیلے جوہڑوں کو لبالب بھر دیتیں بلکہ پانی ان کے کناروں سے اچھل کر میدانوں تک پھیل جاتا اور قادیان حد نظر تک پھیلے ہوئے پانی کے درمیان ایک جزیرہ دکھائی دینے لگتا تو تیراکی اور کشتی رانی کا شوق ہر شوق پر غالب آ جاتا۔ پھر جب خزاں اور بہار کے معتدل دن رات شکار کا موسم لے کر آتے تو آپ کے دل میں بھی یہ شوق کروٹیں لینے لگتا۔"

(سوانح فضل عمر جلد نمبر 1 ص 127)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

کھیلوں میں آپ کی دلچسپیوں کا دائرہ کار بہت وسیع تھا۔ آپ پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی باقاعدہ حصہ لیتے تھے۔ فٹ بال، والی بال، کبڈی وغیرہ کھیلتے تھے۔ جسمانی نشوونما کے لئے ڈمبل اور کھینچنے کے سپرنگ سے بھی ورزش کیا کرتے تھے۔ تیراکی اور گھوڑ سواری بھی کرتے تھے۔ بچپن میں آپ کو نشانہ بازی کا بہت شوق تھا۔

آپ شکار کیلئے بھی جایا کرتے تھے۔ آپ کی بہن حضرت سیدہ ناصرہ بیگم صاحبہ بچپن کے زمانے کے واقعات بیان کرتے ہوئے لکھتی ہیں:

"کبھی چھٹی کے دن وہ مجھے ساتھ لے کر بھینی کی طرف یا باؤوں کے باغ کی طرف شکار کرتے اور مجھ سے نشانہ لگواتے تھے۔ کھیلوں میں ہاکی آپ کثرت سے کھیلتے تھے البتہ ہاکی کی نسبت فٹ بال زیادہ اچھا کھیلتے تھے۔ بٹالہ میں رابرٹ ٹورنامنٹ ہوا تو آپ بھی اس میں شامل ہوئے ان دنوں میں کھیل کی یونیفارم نیکر اور سفید قمیص پر sash یا پٹکا سرخ رنگ کا ہوتا تھا جس میں آپ بہت خوبصورت نظر آتے تھے۔"

(حیات ناصر ص نمبر 36)

آپ خود اپنے بارے میں تحریر کرتے ہیں کہ:

"میں اپنے زمانے میں ہاکی بھی کھیلتا رہا ہوں۔ اس طرح بعض اور کھیل بھی جن کا مجھے موقعہ ملا کھیلتا رہا ہوں یعنی فٹ بال بھی، ہاکی بھی، کرکٹ بھی، ٹینس بھی، سکائش ریکٹ بھی، کرکٹ بھی، میرو ڈبہ بھی اور گلی ڈنڈا بھی اور کلائی پکڑنا (جسے پنجابی میں بینی پکڑنا بھی کہتے ہیں) وہ بھی کھیلتا رہا ہوں اب نام لیتے وقت مجھے یاد آیا کہ بعض کھیل میں نے نہیں کھیلے کیونکہ ان کے کھیلنے کا مجھے موقع نہیں ملا لیکن بہت کھیل کھیلے ہیں ...... میں نے سیر بھی کی ہے۔ سیر بھی بہترین ورزش ہے۔ پھر سیر کی ایک شکل بہت اچھی اور صحت مند غذا کے حصول کیلئے شکار کھیلنا ہے چنانچہ میں شکار بھی کھیلتا

رہا ہوں۔ پھر تیرا کی بھی کرتا رہا ہوں۔ قادیان کے پاس نہریں تھیں اور بعد میں تالاب بھی بن گیا تھا لیکن نہریں بھی ہمارے قریب تھیں اس لئے کثرت سے ہم لوگ یعنی قادیان میں بسنے والے اس وقت کے نوجوان نہروں پر جایا کرتے تھے۔"

(حیات ناصر ص نمبر 35)

آنحضرت ﷺ کو گھوڑوں سے بہت پیار تھا چنانچہ بچپن سے ہی حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب بھی گھڑ سواری میں دلچسپی لیتے تھے ایک دفعہ آپ گرے بھی تھے۔ اس واقعہ کی تفصیل بیان کرتے ہوئے کرنل (ریٹائرڈ) مرزا داؤد احمد لکھتے ہیں:

"قادیان کی تعلیم کے اسی زمانے میں ایک بار قندی یابو منگوایا گیا تھا۔ جانور ذرا منہ زور تھا۔ وہ آپ کو لے بھاگا آپ نہ روک سکے اور اس پر سے گر گئے۔ کلائی کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب نے جوڑا مگر ٹھیک سیٹ نہیں ہوا پھر حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے دوبارہ ٹھیک کیا۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب کہ نور ہسپتال میں کچھ اچھی قسم کا سامان ہوتا تھا۔ ترکھان بلایا گیا اس نے پٹیاں تیار کیں تو ہاتھ باندھا گیا۔ اس عرصہ کے دوران کوئی تکلیف کا اظہار نہ کیا۔ یہ کلائی ہمیشہ کیلئے کچھ ٹیڑھی ہو گئی تھی۔"

(حیات ناصر جلد اول ص نمبر 36)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع بلا مبالغہ ایک بہت اچھے کھلاڑی تھے آپ ہر قسم کی کھیل میں حصہ لیتے تھے۔ آپ خود اپنے بارے میں لکھتے ہیں کہ

"بیکار بیٹھنا میرے بس کا روگ نہ تھا۔ میں دوسرے مشاغل کی طرف متوجہ ہوتا۔ بائیسکل چلاتا، بیڈمنٹن کھیلتا، گھڑ سواری اور تیرا کی کرتا اور نہیں تو لمبی سیر کیلئے پیدل نکل جاتا۔" (ایک مرد خدا ص نمبر 123)

"سکوائش ان کا مرغوب کھیل تھا۔ ان کی سکوائش کی ابتدائی کوچنگ اس وقت کے عالمی چیمپئن ہاشم خان نے کی تھی اور قیام لندن کے دوران تو انہیں اپنے کالج The School of Oriental and African studies کی طرف سے کھیلنے کا موقع ملا۔"

(ایک مرد خدا ص نمبر 123)

"آپ کو شکار سے بھی بہت زیادہ دلچسپی تھی۔ آپ اکثر شکار کیلئے جایا کرتے تھے۔ کھانا پکانا آپ کے محبوب مشاغل میں شامل تھا۔ کبوتر یا کسی اور پرندے اور کبھی کبھار ایک آدھ ہرن یا چوکارے کا شکار بھی کرتے۔ اور جنگل ہی میں اسے آگ پر بھون کر اپنے غیر ملکی مہمان کو کھلا کر خوش ہوتے۔"

(ایک مرد خدا ص نمبر 135)

آپ کبڈی کے بہت شوقین اور بلا مبالغہ کبڈی کے ایک عظیم کھلاڑی تھے۔ آپ کبڈی کے اندرونی داؤ پیچ سے بخوبی واقفیت رکھتے تھے۔ آپ ہی کے نام پر ہر سال طاہر کبڈی ٹورنامنٹ کا انعقاد ہوتا ہے۔ آپ اپنے بارے میں بیان فرماتے ہیں:

"ہم دو ٹیموں میں منقسم تھے اور ایک دوسرے کو پکار کر مقابلہ کا چیلنج دیا کرتے تھے۔ مجھے مخالف کھلاڑی کو پکڑنے کا خوب فن آتا تھا۔ پکڑنے کا یہ طریقہ میں نے ایک مشہور کھلاڑی کو دیکھ کر سیکھا تھا۔ یہ ایک طرح کی اڑتی ہوئی چھلانگ تھی جو قینچی کی طرح لگائی جاتی تھی۔ جس سے مخالف کھلاڑی کی ٹانگیں شکنجے میں آ جاتی تھیں۔ شروع بچپن ہی سے جب میری عمر بہت چھوٹی تھی میں قسما قسم کے لوگوں پر اس داؤ کی مشق کیا کرتا تھا جن میں دوسرے لوگوں کے ساتھ وہ مہمان بھی شامل ہوا کرتے تھے جو اتفاق سے ہمارے گھر تشریف رکھتے ہوں۔ میں مضبوط سے مضبوط آدمی کو بھی گرا لیا کرتا تھا، میری اس حرکت پر والدہ محترمہ بہت خفا ہوتیں۔ مہمانوں پر اپنی مہارت آزمانے پر کئی مرتبہ تو میری پٹائی بھی ہوئی۔"

اس ضمن میں آپ ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"نتیجہ اس کا یہ ہوا کہ بطور کھلاڑی میری مانگ بڑھ گئی۔ ایک مرتبہ جلسہ سالانہ کے موقع پر ہم کبڈی کھیل رہے تھے، میں نے ایک کھلاڑی پر قینچی لگائی تو اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی میں نے دیکھا کہ اس کی ہڈی گوشت کو پھاڑ کر باہر نکل آئی ہے اور نظر آ رہی ہے۔ تو میں سناٹے میں آ گیا اور وہاں سے بھاگ گیا اور شرم کے مارے کئی دن تک گھر سے نہ نکل سکا۔ میں اپنے کیے ہوئے پر سخت پشیمان تھا اور یہ سوچ کر شرمندہ بھی کہ لوگ مجھ جیسے لڑکے کے متعلق کیا کہتے ہوں گے جو لوگوں کی ٹانگیں توڑتا پھرتا ہے۔

اس واقعے کے کچھ دن بعد میری دادی جان یعنی (حضرت اماں جان) نے فرمایا کہ وہ مجھ سے ملنا چاہتی ہیں۔ مجھے اندیشہ تھا کہ وہ سخت خفا ہوں گی اور ڈانٹیں گی، لہٰذا میں نے پوری کوشش کی کہ ان کے سامنے نہ جاؤں لیکن جب انہوں نے باصرار بلا بھیجا تو میں ڈرتا ڈرتا ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے مجھے بڑے پیار سے سمجھایا کہ بیٹا تم نے کوئی دانستہ جرم تو نہیں کیا اس لئے اس قدر شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ ساتھ یہ مشورہ بھی دیا کہ اگر تم ڈرتے ہو کہ پھر کسی اور کی ٹانگ نہ توڑ دو، تو کبڈی کھیلنا ہی چھوڑ دو"۔

(ایک مرد خدا ص نمبر 65 تا 66)

بچپن میں آپ گھڑ سواری کرتے ہوئے کئی دفعہ گرے اور چوٹیں بھی آئیں۔ تاہم آپ ایک بہت اچھے سوار ثابت ہوئے۔ ایک ریٹائرڈ فوجی نے جو رسالے میں ملازم رہے تھے آپ کو پہلا اور آخری سبق اس سلسلے میں یہ دیا کہ

"اپنے گھٹنوں کو گھوڑے کے جسم سے اس طرح زور سے پیوست کر دو کہ چھوٹا سا سکہ بھی اگر درمیان میں رکھ دیں تو پھسلنے نہ پائے"۔

آپ فرماتے ہیں:

"کام تو یہ مشکل تھا۔ لیکن میرے لئے یہ ایک طرح کی فطرت ثانیہ بن گیا۔ میں گھٹنوں کے بل گھوڑے کی کمر سے چسپاں ہو کر رہ جاتا۔ مجھے یاد نہیں کہ میں نے کب گھڑ سواری شروع کی۔ گھڑ سواری تو ان دنوں روزانہ کا معمول تھا۔ ایک دفعہ میں ایک نہایت عمدہ گھوڑی پر سوار تھا جو ٹریفک اور کثرت آمد و رفت سے قطعاً نامانوس تھی۔ میں سادگی میں اسے سڑک پر لے گیا۔ جونہی ایک بس آئی گھوڑی خوف کے مارے بدک گئی اور دھڑام سے گر گئی۔ خوش قسمتی سے میں بس کے نیچے آنے سے تو بچ گیا لیکن اس حادثے کی یاد کے طور پر ایک نشان آج تک میرے بدن پر موجود ہے"۔

(ایک مرد خدا ص نمبر 42 تا 43)

آپ اپنی بیٹیوں کے ساتھ بھی کھیلا کرتے تھے۔ آپ کو اپنی بچیوں کے ساتھ کھیل کر دلی مسرت ہوتی۔ آپ فرماتے ہیں:

"ہم اکٹھے کھیلتے۔ ایک دوسرے کو بھاگ کر پکڑتے۔ درختوں پر چڑھنے کے مقابلے ہوتے۔ آنکھ مچولی کا کھیل بھی ہوتا۔ میں جب بچیوں سے کھیلتا تو یوں لگتا جیسے میں ان کا ہم عمر ہوں۔ یہ کھیل میرے لئے کیا تھے۔ تفریح کی تفریح اور آرام کا آرام اور دلی مسرتوں کا خوان یغما"۔ (ایک مرد خدا ص نمبر 128)

آپ فرماتے ہیں:

"ہمارا سارا خاندان کھیل کا شوقین تھا۔ ہاکی، فٹ بال، کرکٹ اور ٹینس وہ کھیل تھے جو خصوصیت سے کھیلے جاتے تھے۔ کچھ کھیل ایسے بھی تھے جو برصغیر کے حصے میں جہاں ہم رہ رہے تھے بہت مقبول تھے مثال کے طور پر کبڈی کا کھیل۔ جو کشتی ہی کی ایک شکل ہے۔ اس میں دو ٹیمیں ایک دوسرے کو چھونے کی کوشش کرتی ہیں۔ اور یہ کوشش بھی کہ پکڑی نہ جائیں۔ ایک اور کھیل بھی تھا جسے ایک طرح کا دیہاتی بیس بال کہا جا سکتا ہے"۔

(ایک مرد خدا ص نمبر 43 تا 44)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس
ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضور انور کے بارہ میں بھی آپ کے خاندان کے افراد کے بیان کے مطابق پتہ چلتا ہے کہ آپ شکار بہت شوق سے کرتے ہیں پیدل چلنے اور سیر کے شوقین ہیں۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس ارشاد پر خاکسار اپنے مضمون کو ختم کرتا ہے جس میں آپ نے عمومی طور پر صحت کے خیال رکھنے کی طرف توجہ دلائی ہے آپ فرماتے ہیں کہ:

واقفین نو کو روزانہ کوئی نہ کوئی کھیل کھیلنی چاہئے۔ جس کا دورانیہ کم از کم ایک گھنٹہ ہو۔ مزید فرمایا کہ کھیل سے صحت ٹھیک رہے گی لہٰذا کھیل کو اپنا معمول بنائیں۔

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ چہارم ص 48)

☆ ☆ ☆

مشہور سائنسدان ۔ لی ڈی فورسٹ

(1873 تا 1961ء)

ڈی فورسٹ پیدا ہوا تو 1873ء میں آیووا کے کونسل بلفس نامی مقام پر ہوا تھا لیکن پلا بڑھا ایلاباما کے مقام ٹالا ڈیگا میں۔ جہاں اس کے پادری باپ کو نیگرو کالج کا نظام درست کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا۔ ننھے فورسٹ کو اس جگہ بہت تنہائی محسوس ہوتی تھی۔ جنوبی علاقوں کے سفید فام باشندوں کا رویہ بڑا غیر دوستانہ تھا اور نیگرو لوگوں کو اس امریکی خاندان کا وجود گوارا نہیں تھا۔ نتیجے کے طور پر فورسٹ کے بہت ہی کم دوست تھے۔ لیکن کچھ باتیں اچھی بھی تھیں۔ مثلاً دوستوں کی کمی کی وجہ سے فورسٹ کو مطالعے کے لئے زیادہ وقت مل جاتا تھا۔ اس کا باپ اس کی تعلیم کی طرف خصوصی توجہ دیتا تھا۔ فورسٹ کا دل سائنس میں لگتا تھا اور اس کی اس مضمون میں صلاحیتیں عیاں تھیں۔ اس کی بنائی ہوئی بیٹریاں اور موٹریں کسی پیشہ ور کی بنی ہوئی معلوم ہوتی تھیں۔ ژیل کے شیفیلڈ سائنٹفک سکول میں فورسٹ کی صلاحیتوں کو اور پنپنے کا موقع ملا اور وہ 1899ء میں ڈاکٹریٹ حاصل کرنے کے لئے وہیں ٹھہر گیا۔

تاربرقی کا پرانا یورپین فیشن جس میں تار اور ہتھوڑے کے علاوہ نقطوں اور چھوٹی لکیروں کا استعمال تھا فورسٹ کو کچھ زیادہ مرعوب نہیں کر سکا۔ اس نے سوچا کہ انسانی آواز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا اس سے کہیں بہتر ہوگا۔ چنانچہ اس نے ریسپونڈر ایجاد کیا۔ یہ ایک آلٹرنیٹنگ کرنٹ جنریٹر تھا اور اس میں ایک ایسا سٹیپ اپ ٹرانسفارمر تھا جو ایک مستحکم اعلیٰ تعداد ارتعاش سپارک مہیا کرتا تھا۔ اس ٹرانسمیٹر سے اس نے امریکن ڈی فورسٹ وائرلیس ٹیلیگراف کمپنی کی بنیاد ڈالی اور تاریخ میں پہلی مرتبہ 1904ء میں روس اور جاپان کی جنگ کے بارے میں لاسلکی نظام کے ذریعے پریس رپورٹیں نشر کیں۔

ڈی فورسٹ نے اوڈین ٹیوب 1906ء میں ایجاد کی تھی جس پر امریکہ کی اربوں ڈالر کی الیکٹرونی صنعت کا دارومدار ہے۔ ایک انگریز سائنسدان فلیمنگ نے ایڈیسن کے برقی فلامنٹ بلب کو ایک خلائی نلی میں تبدیل کر دیا تھا۔ اس نلی کے ذریعے لاسلکی لہروں کا کھوج لگایا جا سکتا تھا لیکن ان لہروں کو پھیلایا نہیں جا سکتا تھا۔ ڈی فورسٹ چاہتا تھا کہ کوئی ایسا طریقہ دریافت کرے جس سے ان لہروں کے پھیلائے جانے کے علاوہ ان کے حجم کو بھی قابو میں رکھا جا سکے۔ اس نے پلاٹینم کی ایک پتلی سی تار بنائی اور اس تار کو "گرڈ" کا نام دیا۔ اس نے اس تار کو لہریے دار شکل میں موثر کرپٹی اور فلامنٹ کے درمیان رکھ دیا۔ پھر اس تمام آلے کو شیشے کے بلب میں بند کر دیا۔

ڈی فورسٹ کی حیرت انگیز نلی کی ہمہ گیری ذرا دیکھنے والی ہے۔ یہ نیت اور مقصد سے قطع نظر دیکھنے، سننے، سونگھنے، بولنے، چکھنے، محسوس کرنے، پیمائش کرنے، یاد رکھنے اور پیشگوئی کرنے کے علاوہ انضباط اور روک تھام اور نگرانی کا کام بھی کر سکتی ہے۔ ماہرین کی رائے میں اس کی واحد کمزوری اس میں ضمیر کا عدم وجود ہے اور اگر اس کمی کی اصلاح کسی موجد کے بس میں ہوتی تو ڈی فورسٹ کو اور کیا چاہئے تھا۔

مکرم امیر صاحب ضلع

ضلع گوجرانوالہ کے خلافت احمدیہ جوبلی پروگرام

خداتعالیٰ کے بے پناہ فضل واحسان سے جماعت ہائے احمدیہ ضلع گوجرانوالہ کو خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 2008-1908ء کے تاریخی موقع پر مختلف پروگرامز اور تقریبات کرنے کی توفیق ملی جن میں تمام جماعت ہائے احمدیہ ضلع گوجرانوالہ نے بھرپور حصہ لیا۔

گوجرانوالہ شہر

جلسہ ہائے خلافت

گوجرانوالہ شہر کے جلسہ ہائے خلافت مئی 2008ء کے بابرکت مہینہ میں منعقد کئے گئے۔ 18 مئی کو بیت الحمد گل روڈ پر جلسہ خلافت منعقد کیا گیا۔ مورخہ 25 مئی کو حلقہ امیر پارک میں جلسہ کی توفیق ملی اور 11 مئی کو حلقہ باغبانپورہ میں خلافت کے موضوع پر جلسہ کیا گیا۔ ان پروگرامز میں مربیان کرام کے تعاون سے احباب جماعت کو خلافت کی اہمیت اور خلافت احمدیہ کے اعجاز کے بارے میں بتایا گیا۔ احباب جماعت کی ایک کثیر تعداد نے ان جلسہ ہائے خلافت میں انتہائی دلچسپی سے حصہ لیا۔

جلسہ یوم خلافت

27 مئی کے حوالے سے یہ طے ہوا کہ سارے شہر کا اکٹھا پروگرام ہو اور اجتماعی شکل میں اپنے محبوب امام کا تاریخی خطاب دیکھ اور سن سکیں۔ اس کے لئے شہر سے باہر ایک ہوٹل بک کروالیا گیا۔

☆ دن کے آغاز پر گوجرانوالہ شہر کے چار بیوت الذکر میں اجتماعی نماز تہجد ادا کی گئی جس میں حاضری غیر معمولی تھی۔ بعد از نماز فجر خلافت کے بارہ میں درس ہوا اور آخر پر دعا کرائی گئی۔ اسی طرح جو گھرانے بیوت الذکر سے دور تھے انہوں نے اپنے گھروں میں انفرادی نماز تہجد ادا کی۔

27 مئی کو ڈیڑھ بجے قافلہ در قافلہ لوگ ہوٹل میں پہنچنا شروع ہو گئے اور آخری قافلہ پونے تین بجے سہ پہر ہوٹل پہنچ گیا۔

کل حاضری 1582 تھی۔

ہوٹل کے تین بڑے ہال بک کرائے گئے تھے۔ فرسٹ فلور پر مرد حضرات کے بیٹھنے کا انتظام تھا جبکہ خواتین کے لئے 2 ہال بک کروائے گئے تھے۔ تمام ہالز میں کرسیوں کا انتظام تھا اور تینوں ہال ایئر کنڈیشنڈ تھے اور MTA کا انتظام بھی موجود تھا۔

پروگرام کے مطابق تین بجے سہ پہر احباب جماعت کو کھانا پیش کیا گیا۔

حضور انور کے خطاب سے قبل تمام احباب بے چینی سے اپنے پیارے امام کا انتظار کرتے رہے۔

جونہی حضور پرنور نے لوائے احمدیت لہرایا اور دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے، تمام احباب جماعت دعا میں شامل ہوگئے اور پھر پیارے آقا کے خطاب کے دوران جب نعرہ ہائے تکبیر کی صدا بلند ہوئی تو گوجرانوالہ شہر کے احباب جماعت اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور نعروں میں شامل ہو گئے۔ اس طرح پورا ہال نعرہ ہائے تکبیر سے گونجتا رہا اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ جیسے ہم لندن میں اپنے پیارے آقا کے ساتھ اس پروگرام میں شامل ہیں۔ جب پیارے آقا نے عہدوفا کے لئے اپنے ساتھ شامل ہونے کا ارشاد فرمایا تو تمام احباب جماعت اپنے امام کی اطاعت میں کھڑے ہو گئے اور اس تاریخی عہد میں شامل ہوئے اور سارا ہال خداتعالیٰ کی حمد سے گونج اٹھا۔

ساڑھے سات بجے شام حضور پُرنور کی اختتامی دعا کے بعد احباب جماعت اپنی اپنی ٹرانسپورٹ پر واپس اپنے گھروں کو بحفاظت پہنچ گئے اور یوں یہ تاریخی دن اپنی تمام لذتوں اور روحانی سرور کے ساتھ ختم ہوا۔

ترگڑی

جماعت احمدیہ ترگڑی میں مورخہ 27 مئی 2008ء کا دن نماز تہجد کے ساتھ خدا کی حمد کے گیت گاتے ہوئے شروع کیا گیا۔ نماز تہجد اجتماعی میں کل حاضری 87/افراد تھی۔ نماز فجر کے بعد درس ہوا اور قرآن پاک سے خلافت کی اہمیت اور برکات کو اجاگر کیا گیا۔ اس کے بعد صدر صاحب جماعت نے دعا کرائی اور پھر بکرا صدقہ کیا گیا۔ بعدازاں 2 بجے سہ پہر بیت الذکر میں احباب پہنچنا شروع ہو گئے۔ اڑھائی بجے نماز ظہر وعصر جمع کر کے ادا کی گئیں اور پھر تمام احباب نے ایم ٹی اے پروگرام دیکھا۔ پیارے آقا کی بابرکت تقریب سب دوستوں اور لجنہ نے انتہائی انہماک اور خاموشی سے سنی اور پروگرام کے درمیان مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔ پیارے آقا کے ساتھ سب احباب جماعت نے عہدوفا دہرایا۔ اس پروگرام کے بعد کھانے کا انتظام کیا گیا۔ اس پروگرام میں بفضل اللہ تعالیٰ چھ سو احباب شریک ہوئے۔

تلونڈی کھجوروالی

جماعت احمدیہ تلونڈی کھجور والی میں خلافت کی پُرجوش تیاری ماہ مئی کے آغاز سے ہی شروع ہوگئی۔ روزانہ نماز عشاء کے بعد خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام کی کلاس لگائی جاتی۔ ہر جمعہ کے روز نماز تہجد کا انتظام کیا گیا اور خصوصی دروس دیئے گئے۔ خلافت جوبلی پر قربانی کے لئے تین بکرے خریدے گئے۔ ایک بکرا 27 مئی سے قبل جمعہ کے روز صدقہ کیا گیا اور غرباء و مستحقین میں گوشت تقسیم کیا گیا۔ جبکہ دو بکرے مورخہ 27 مئی کو صدقہ کئے گئے۔ خلافت جوبلی کے لئے بیت الذکر کو باقاعدہ رنگ وسفیدی کر کے جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا۔ مورخہ 27 مئی کے دن کا بابرکت آغاز بھی نماز تہجد سے ہوا۔ درس اور نماز فجر کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ ایم ٹی اے پروگرام کا اجتماعی پروگرام بیت الذکر میں ہی ہوا اور تمام احباب کرام میں ایک خاص جوش وخروش دیکھنے میں آیا اور سب عہد میں بھی شامل ہوئے۔ بعدازاں احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ اس جلسہ میں 214/افراد شریک ہوئے۔

راہوالی

جماعت احمدیہ راہوالی میں مورخہ 26 مئی کو اجتماعی روزہ رکھا گیا اور افطاری کا بھی اجتماعی انتظام کیا گیا۔ بعدازاں بیت الذکر کو خدام واطفال نے بینرز، جھنڈیوں اور غباروں سے مزین کیا۔ مورخہ 27 مئی کے بابرکت دن کا آغاز نماز تہجد سے کیا گیا جس میں 70/افراد جماعت شریک ہوئے۔ نماز فجر کے بعد درس قرآن، خلافت کی اہمیت اور برکات کے عنوان پر دیا گیا۔ اس موقع پر بڑا جانور خرید کر اس کی قربانی کی گئی۔ نیز غرباء و مستحقین میں 5000 روپے بطور صدقہ تقسیم کئے گئے۔ نماز ظہر وعصر پر تمام احباب جماعت بیت الذکر میں جمع ہوئے اور نمازیں جمع کر کے ادا کی گئیں اور احباب جماعت کی نان اور گوشت کے سالن سے تواضع کی گئی۔ جس کے بعد ایم ٹی اے پروگرام شروع ہوا۔ بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خطرے کے پیش نظر جنریٹر کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔ تمام احباب جماعت نے انتہائی نظم وضبط کے ساتھ پیارے آقا کا خطاب سنا ایم ٹی اے دکھانے کے لئے چار ٹی وی سیٹوں کا انتظام کیا گیا تھا۔ سب افراد جماعت نے عہدوفا میں بھی شرکت کی۔ آخر میں حاضرین میں شیرینی تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر کل حاضری 386 رہی۔

تلونڈی موسیٰ خان

جماعت احمدیہ تلونڈی موسیٰ خان میں دن کا آغاز نماز تہجد کے ساتھ ہوا جس میں 150/افراد جماعت حاضر تھے۔ نماز فجر کے بعد خلافت کی برکات پر درس ہوا اور پھر اجتماعی دعا کی گئی۔ دعا کے بعد دو بکرے صدقہ کئے گئے۔ مقامی خلافت سیمینار دن 11 بجے شروع ہوا جس میں خلافت کے متعلق ترانے، نظمیں اور تقاریر کی گئیں۔ اس کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ سہ پہر 3 بجے تمام جماعت پیارے آقا کا خطاب سننے کے لئے دوبارہ بیت الذکر میں جمع تھی۔ پیارے آقا کے خطاب کو ہر فرد جماعت نے بہت انہماک سے سنا اور دیکھا اور بعدازاں عہد وفا میں بھی شامل ہوئے۔ خطاب اور عہد کے بعد احباب میں کھانا تقسیم کیا گیا۔ اس پروگرام میں کل حاضری 185 رہی۔

فیروز والہ

جماعت احمدیہ فیروزوالہ میں 27 مئی کا دن نماز تہجد کے اجتماعی انتظام سے شروع ہوا جس میں انصار، خدام اور اطفال نے بھرپور شرکت کی۔ لجنات نے گھروں میں نماز تہجد ادا کی۔ نماز فجر کے بعد برکات خلافت پر درس ہوا اور اجتماعی دعا ہوئی۔ دو بکرے صدقہ کئے گئے۔ احباب جماعت نے انفرادی طور پر بھی صدقات دیئے۔ ایک گھر نے زردہ پکا کر تقسیم کیا۔ حضور انور کا خطاب تمام احباب جماعت نے بیت الذکر میں سنا اور عہدوفا میں شریک ہوئے۔ حضور کے خطاب کے بعد کھانا پیش کیا گیا اور مٹھائی پیش کی گئی۔ اس بابرکت پروگرام میں تمام احباب جماعت شریک ہوئے۔ 27 مئی کی رات کو بیت الذکر میں چراغاں بھی کی گیا اور انفرادی طور پر ہر گھر نے بھی چراغاں کیا۔

انوئیکے

جماعت احمدیہ انوئیکے میں بھی خلافت جوبلی پروگرام کا اجتماعی انعقاد ہوا۔ 27 مئی کے دن کا آغاز اجتماعی نماز تہجد سے ہوا جس میں 15/افراد جماعت حاضر تھے۔ پیارے آقا کے خطاب کے لئے احباب سہ پہر 3 بجے تک جمع ہو گئے اور خطاب سے مستفید ہوئے اور عہدوفا میں بھی شریک ہوئے۔ بعدازاں تمام افراد جماعت میں کھانا بھی تقسیم کیا گیا۔ پروگرام میں تمام احباب جماعت نے شرکت کی۔

احسن آباد

جماعت احمدیہ احسن آباد میں جشن تشکر کا آغاز نماز تہجد سے ہوا جس کے بعد نماز فجر ادا کی گئی اور درس دیا گیا۔ جماعت کی طرف سے ایک بکرا صدقہ دیا گیا۔ پیارے آقا کے خطاب کے لئے تمام احباب جماعت ایک جگہ جمع ہوئے اور حضور انور کا تاریخ ساز خطاب سنا اور عہد میں بھی شامل ہوئے۔ حضور انور کے خطاب کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی اور چائے پیش کی گئی۔

سیچ کالر

مورخہ 27 مئی 2008ء کو جماعت احمدیہ سیچ کالر میں دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا جس میں 55/افراد نے شمولیت اختیار کی۔ نماز فجر کے بعد اجتماعی دعا ہوئی۔ سہ پہر 3 بجے تمام افراد جماعت نے حضور انور کا روح پرور خطاب دیکھا اور عہدوفا میں بھی شریک ہوئے۔ اس پروگرام میں تمام احباب جماعت نے بھی شرکت کی۔ خطاب کے وقت جنریٹر کا بھی انتظام تھا۔ ایک بکرا صدقہ اور ایک بکرا قربانی کے لئے ذبح کیا گیا۔

جبوکی

جماعت احمدیہ جبوکی میں 27 مئی کا بابرکت آغاز نماز تہجد سے ہوا جس میں 45/افراد شامل ہوئے۔ دوپہر کو حضور انور کے خطاب سے پہلے احباب جماعت کو کھانا دیا گیا اور خطاب کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ پیارے آقا کے خطاب کو تمام احباب جماعت نے بہت انہماک سے سنا اور عہد وفا میں بھی شریک ہوئے۔اس پروگرام کے علاوہ ایک بکرا صدقہ دیا گیا اور -/1500 روپے بطور صدقہ دیئے گئے۔

گرمولہ ورکاں

جماعت احمدیہ گرمولہ ورکاں میں 27 مئی سے قبل ذیلی تنظیموں نے اپنے سیمینار نے منعقد کئے اور جماعتی سطح پر بھی خلافت سیمینار منعقد کیا گیا۔ 27 مئی کی تقریبات کے لئے خدام واطفال نے وقارعمل کے ذریعے بیت الذکر اور محلے کی صفائی کی۔ بیت الذکر میں ڈسٹمپر کیا گیا اور جھنڈیوں سے سجایا گیا۔ 26 مئی کو اجتماعی طور پر نفلی روزہ رکھا گیا اور 26 اور 27 مئی کی شب چراغاں بھی کیا گیا۔ اس کے لئے ہر گھر کو 18، 20 دیے جماعت کی طرف سے تقسیم کئے گئے۔ 27 مئی کو نماز تہجد سے آغاز کیا گیا، نماز فجر کے بعد خلافت کے موضوع پر درس دیا گیا اور اجتماعی دعا کرائی گئی۔ بعد میں ایک بکرا صدقہ دیا گیا جس کا گوشت مستحقین میں تقسیم کیا گیا۔حضور انور کا خطاب سننے کے لئے 2 بجے احباب بیت الذکر میں پہنچ گئے۔ بیت الذکر میں دو TV سیٹ اور جنریٹر کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔تمام احباب نے بے حد نظم وضبط کے ساتھ پیارے آقا کا خطاب سنا اور عہد خلافت میں شامل ہوئے۔اس پروگرام کی کل حاضری 366 رہی۔ 28 مئی کی صبح خلافت جوبلی پروگرام کے کامیاب انعقاد پر شکرانے کے طور پر اجتماعی نماز تہجد ادا کی گئی۔

مسلم آباد مجوچک

